فتاویٰ

سوال :۔ (۱) ایصال ثواب کے لئے بغیر تعیین تاریخ جمعرات کو (اس بنا پر کہ اس دن فقرا کثرت سے آتے ہیں) اغنیار اور فقرار کی ایک ساتھ عام دعوت کرنی جائز ہے یا نہیں؟ اس قسم کی دعوت میں شرکت کرنے والوں کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی شخص اس دعوت میں شریک نہ ہو تو "اجاب اذا دعی" کے خلاف تو نہ ہوگا؟ اس قسم کی دعوت کی نظیر خیر القرون میں ملتی ہے یا نہیں؟ ایصال ثواب کی عام احادیث کی رو سے اس نوع کی دعوت کو جائز قرار دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟۔

(۲) کسی گھر میں اگر بے نمازی یا تارک الجماعت رہتے ہیں اور گھر والوں میں سے بعض نمازی اور پابند جماعت ہیں تو کیا ایسے گھر میں دعوت کھانے جانا جائز ہے؟ اگر کوئی نہ جائے تو "اجاب اذا دعی" کے خلاف تو نہ ہوگا؟

(۳) ڈاڑھی کتروانے والے کو امام بنانا جائز ہے یا نہیں؟

(۴) شعبان کی پندرہویں شب کو ساری یا اکثر میں پابندی کے ساتھ مجلس وعظ منعقد کرنا کیسا ہے؟ اصحاب مجلس اس کی وجہ جواز یہ بتلاتے ہیں کہ یہ ہماری انجمن کا سالانہ جلسہ ہے۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس طرح مذہب اہلحدیث کی تبلیغ اور شب برات کی مروجہ خرافات کی تردید ہوتی ہے کیونکہ احناف رات بھر جاگتے ہیں اور ان کا کہیں وعظ نہیں ہوتا اس لئے اس طرف چلے آتے ہیں کیا اس کی نظیر خیر القرون میں ملتی ہے؟

(۵) بعض جگہ افراد اہلحدیث پندرہویں شعبان کو یا ایک دن قبل یا بعد حلوا پکاتے ہیں اور وجہ جواز یہ بتلاتے ہیں کہ ہم نذر و نیاز تو کرتے نہیں بلکہ بچوں کو خوش کرنے اور جہاں سے اس موقع پر آتا ہے اس کا بدلہ اتارنے کے لئے ایسا کرتے ہیں کیا اس کو اہل بدعت کی مشابہت قرار دیکر ناجائز کہہ سکتے ہیں؟

رفیق احمد دہلی

جواب :۔ مشترکہ عام دعوت میں فقرا اور اغنیار کو بغیر ارادۂ فخر و ریا کے اور بغیر رسم کی پابندی کے بایں طور کھلانا کہ فقرا جس قدر کھائیں اس سے مقصود میت کو ایصال ثواب ہو اور جس قدر اغنیا کھائیں وہ دوستانہ دعوت اور ہدیہ کے طریق پر ہو اس میں کوئی مضائقہ اور حرج نہیں۔ ارشاد ہے۔ یسألونك عن الیتامیٰ قل اصلاح لهم خیر وان تخالطوهم فاخوانکم والله یعلم المفسد من المصلح (قرآن کریم) جب یتیم کے مال اور حق کو اچکا کھانا ولی کے لئے درست نہیں) بشرط اصلاح اپنے مال کے ساتھ ملانا اور تیار کرنا جائز ہے تو کسی کے مرجانے کے کچھ دن کے بعد ایصال ثواب کی غرض سے (جو ضروری نہیں ہے اور نہ فقرار کا حق واجبی ہے بلکہ وہ مال اور حق صدقہ کرنے والے کی ہی ملکیت ہے) فقرار والے کھانے کو اور ہدیہ و دعوت دوستانہ کی نیت سے اغنیار والے کھانے کو